


بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا
اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ
الحمد للہ والمنۃ
کہ دریں زمان سعادت اقتران بفضل
ایزد منان تحفہ عجائب و ہدیہ غرائب الی اللہ
مقبول بارگاہ شاہ کونین حضرت محمد رسول اللہ
مسمّٰی بہ
مجموعہ صلوات الرسول
الجزء الثانی عشر
فی حلمہ و حلمہ صلی اللہ علیہ وسلم
از تصنیف خادم مخلوق الملک السبحان خلیفہ حضرت شاہ جیلان
حضرت خواجہ خواجگان خواجہ محمد عبدالرحمن صاحب
ساکن چھوہر شریف ضلع ہری پور
صوبہ سرحد پاکستان

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝
اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡۤ اَسۡئَلُكَ بِحِلۡمِ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝ وَ بِعِلۡمِ بِسۡمِ
اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے حلم و بردباری کے طفیل اور بسم اللہ
اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝ وَ بِعِلۡمِ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ
الرحمٰن الرحیم کے علم کے طفیل اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے علم اور پرچم کے طفیل۔ سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کیلئے ہیں
رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ۝ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝ مٰلِكِ یَوۡمِ الدِّیۡنِ ۝ اِیَّاكَ نَعۡبُدُ
جو سب جہانوں کا رب ہے۔ رحمت میں حد غایت کو پہنچا ہوا ہے بہت مہربان ہے۔ قیامت کے دن کا مالک ہے۔ اے ان صفات کمال والے تیری
وَ اِیَّاكَ نَسۡتَعِیۡنُ ۝ اِھۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِیۡنَ اَنۡعَمۡتَ
ہی عبادت کرتے ہیں۔ اور تجھی سے توفیق طلب کرتے ہیں۔ ہمیں راہ راست پر چلا۔ ان لوگوں کی راہ پر کہ جن پر تو نے انعام
عَلَیۡھِمۡ ۙ۬ غَیۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَیۡھِمۡ وَ لَا الضَّآلِّیۡنَ ۝ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی اِنَّ
فرمایا ہے نہ ان کی جن پر غضب کیا گیا ہے اور نہ راہ راست سے بھٹکے ہوئے لوگوں کی۔ فرمایا اللہ تعالیٰ نے "بے شک
اللّٰہَ لَعَلِیۡمٌ حَلِیۡمٌ ۝ وَ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی اِنَّہٗ کَانَ حَلِیۡمًا غَفُوۡرًا ۝ اَللّٰھُمَّ
اللہ تعالیٰ البتہ دائمی علم اور حلم والا ہے اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے بیشک وہ ہمیشہ سے صاحب حلم اور صاحب مغفرت ہے۔ اے
صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیۡ فِیۡہِ حِلۡمٌ عَظِیۡمٌ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی
اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن میں عظیم حلم اور بردباری ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما
سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیۡ قَالَ اَتٰکُمۡ وَفۡدُ عَبۡدِ الۡقَیۡسِ وَ مَا یُرٰی اَحَدٌ
سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا کہ تمہارے پاس قبیلہ عبد القیس کا وفد آچکا حالانکہ ان میں سے ابھی کوئی شخص دکھائی نہیں دیتا
فَبَیۡنَمَا نَحۡنُ کَذٰلِكَ اِذۡ جَآءُوۡا فَنَزَلُوۡا فَاَتَوۡا رَسُوۡلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ
تھا۔ تو اسی دوران کہ ہم ابھی بارگاہ رسالت پناہ میں حاضر تھے کہ وہ پہنچ گئے فوراً اپنی سواریوں سے اُترے اور آپ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے
عَلَیۡہِ وَ سَلَّمَ فَبَقِیَ الۡاَشَجُّ الۡعَصۡرِیُّ فَجَآءَ بَعۡدُ فَنَزَلَ مَنۡزِلًا فَاَنَاخَ
صلی اللہ علیہ وسلم صرف اشج عصری ابھی باقی رہ گیا تھا وہ بھی ان کے بعد پہنچ گیا پس وہ اپنی قیامگاہ پر اُترا۔

رَاحِلَتَهٗ وَوَضَعَ ثِيَابَهٗ جَانِبًا ثُمَّ جَآءَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
سواری کو بٹھایا اور اپنے مستعمل کپڑوں کو ایک طرف رکھ کر اس نے نئے پہنے، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا اَشَجُّ اِنَّ فِيْكَ
کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے فرمایا۔ صلی اللہ علیہ وسلم اے اشج تیرے اندر

لَخَصْلَتَيْنِ يُحِبُّهُمَا اللّٰهُ الْحِلْمُ وَالتُّؤَدَةُ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَشَيْءٌ
دو خصلتیں ہیں جن کو اللہ تعالیٰ محبوب رکھتا ہے۔ بردباری اور آہستگی اور باوقار انداز۔ اس نے عرض کی یا رسول اللہ کیا یہ ایسی شئی ہے

جُبِلْتُ عَلَيْهِ اَمْ شَيْءٌ حَدَثَ لِيْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
جس پر میں پیدا کیا گیا ہوں یا بعد میں میرے اوپر طاری ہوئی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ بَلْ شَيْءٌ جُبِلْتَ عَلَيْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣالَّذِيْ
وسلم نے فرمایا بلکہ وہ ایسی شئی ہے کہ تو اسی پر پیدا کیا گیا ہے یعنی وہ تیرے خمیر میں داخل ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے

قَالَ مَنْ كَظَمَ غَيْظًا وَّهُوَ قَادِرٌ عَلٰى اَنْ يُّنْفِذَهٗ دَعَاهُ اللّٰهُ عَلٰى رُءُوْسِ
فرمایا "جس شخص نے غصّے کو پی لیا حالانکہ وہ اسے نافذ کرنے پر قادر تھا۔ اللہ تعالیٰ اس کو بلائے گا تمام

الْخَلَآئِقِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ حَتّٰى يُخَيِّرَهٗ فِيْ اَيِّ حُوْرٍ شَآءَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
مخلوقات کے سامنے قیامت کے دن یہاں تک کہ اس کو اختیار دے گا کہ حوروں میں سے جو چاہے اختیار کرے۔ اے اللہ صلوٰۃ

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣالَّذِيْ قَالَ مَا مِنْ جُرْعَةٍ اَعْظَمُ اَجْرًا عِنْدَ اللّٰهِ
نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا۔ نہیں کوئی گھونٹ عظیم تر اجر والا اللہ تعالیٰ کے ہاں غصّہ کے گھونٹ سے جسے بندہ

مِنْ جُرْعَةِ غَيْظٍ كَظَمَهَا عَبْدٌ ابْتِغَآءَ وَجْهِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى
پی لے محض اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کے لیے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣالَّذِيْ قَالَ مَا كَانَ الْفُحْشُ فِيْ شَيْءٍ قَطُّ اِلَّا شَانَهٗ
سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا نہیں ہوتا فحش کسی شئی میں مگر اس کو عیب ناک کر دیتا ہے

وَلَا كَانَ الْحَيَآءُ فِيْ شَيْءٍ قَطُّ اِلَّا زَانَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا
اور نہیں ہوتا حیا کسی شئی میں کبھی مگر اس کو مزین اور آراستہ کر دیتا ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ قَالَ اَلْحَیَاۗءُ مِنَ الْاِیْمَانِ وَالْاِیْمَانُ فِی الْجَنَّةِ وَالْبَذَاۗءُ

محمدؐ پر جنہوں نے فرمایا کہ حیاء ایمان کا عظیم شعبہ ہے اور ایمان جنت میں ہے اور بے حیائی

مِنَ الْجَفَاۗءِ وَالْجَفَاۗءُ فِی النَّارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ

جفا کاری کا بہت بڑا شعبہ ہے اور جفا کاری آتش دوزخ میں ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جنہوں نے

قَالَ اِنَّ مِمَّآ اَدْرَكَ النَّاسُ مِنْ كَلَامِ النُّبُوَّةِ الْاُوْلٰی اِذَا لَمْ تَسْتَحْیِ

فرمایا بیشک جو پالیا لوگوں نے پہلی نبوتوں کے کلام سے اسی سے یہ بھی ہے "جب تجھے حیاء دامنگیر نہ ہو

فَاصْنَعْ مَا شِئْتَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ قَالَ

تو کر جو چاہے"۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جنہوں نے فرمایا

لِلْاَشَجِّ الْعَصَرِیِّ اِنَّ فِیْكَ خَصْلَتَیْنِ یُحِبُّهُمَا اللّٰهُ اَلْحِلْمُ وَالْحَیَاۗءُ

اشج عصری کو بے شک تجھ میں دو ایسی خصلتیں ہیں جن کو اللہ تعالیٰ پسند فرماتا ہے۔ بردباری اور شرم وحیاء

وَاَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلٰی رَجُلٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ وَهُوَ

اور تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا گزر ہوا ایک انصاری شخص پر جبکہ وہ

یَعِظُ اَخَاهُ فِی الْحَیَاۗءِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ دَعْهُ

اپنے بھائی کو نصیحت کر رہا تھا حیاء کے متعلق تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کو کچھ نہ کہو

فَاِنَّ الْحَیَاۗءَ مِنَ الْاِیْمَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ قَالَ

کیونکہ حیاء ایمان کا عظیم شعبہ ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جنہوں نے فرمایا

اَلْمُؤْمِنُ غِرٌّ كَرِیْمٌ وَّالْفَاجِرُ خَبٌّ لَئِیْمٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

کہ مومن سادہ لوح اور صاحب کرم ہے اور فاجر و منافق عیار اور کمینہ ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر

الَّذِیْ قَالَ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِمَنْ یَّحْرُمُ عَلَی النَّارِ وَبِمَنْ تَحْرُمُ النَّارُ عَلَیْهِ

جنہوں نے فرمایا "کیا میں تمہیں خبر نہ دوں اس شخص کی جو آگ پر حرام کیا گیا ہے اور جس پر آتش دوزخ حرام کی گئی ہے۔

عَلٰی كُلِّ هَیِّنٍ لَیِّنٍ قَرِیْبٍ سَهْلٍ وَّقَالَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ

اُدہر پر ہر اس مومن شخص کے جو آہستہ رو۔ نرم خو۔ ہر ایک سے قریب اور نرمی برتنے والا ہے" اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے" جو

يُحْرَمُ الرِّفْقَ يُحْرَمُ الْخَيْرَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ قَالَ

رفق اور نرم مزاجی سے محروم کیا گیا وہ بہت بڑی خیر سے محروم کیا گیا۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جنہوں نے فرمایا۔

اَلتُّؤَدَةُ فِىْ كُلِّ شَىْءٍ خَيْرٌ اِلَّا فِىْ عَمَلِ الْاٰخِرَةِ وَقَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ

کہ آہستگی بہتر ہے ہر چیز میں مگر عمل آخرت میں۔ اور فرمایا نبی اللہ صلی اللہ علیہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْاَنَاةُ مِنَ اللّٰهِ وَالْعَجَلَةُ مِنَ الشَّيْطٰنِ وَرُوِىَ عَنْ

وسلم نے آہستگی اور باوقار انداز اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اور جلد بازی شیطان کی طرف سے ہے۔ اور حضرت

عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ

عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

وَسَلَّمَ عَنْ قَوْلِ اللّٰهِ سُبْحَانَهٗ لَهُمُ الْبُشْرٰى فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِى

سے سوال کیا اللہ سبحانہ کے اس قول کے متعلق انہیں کے لیے بشارت ہے دنیوی زندگی میں اور

الْاٰخِرَةِ قَالَ هِىَ الرُّؤْيَةُ الصَّالِحَةُ يَرَاهَا الْمُسْلِمُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

آخرت میں" تو آپ نے فرمایا (یہ بشارت) اچھے خواب ہیں جنہیں مرد مسلم دیکھتا ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ يَقُوْلُ ذَهَبَتِ النُّبُوَّةُ وَبَقِيَتِ الْمُبَشِّرَاتُ

محمد کریم پر جو فرماتے ہیں نبوت ختم ہو چکی اور صرف مبشرات اور سچے خواب باقی رہ گئے ہیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ قَالَ الرُّؤْيَا الْحَسَنَةُ مِنَ

اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا "نیک مرد کا اچھا خواب

الرَّجُلِ الصَّالِحِ جُزْءٌ مِّنْ سِتَّةٍ وَّاَرْبَعِيْنَ جُزْءًا مِّنَ النُّبُوَّةِ قَالَ

نبوت کے چھیالیس اجزاء میں سے ایک جزء ہے فرمایا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رُؤْيَا الْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِّنْ سِتَّةٍ وَّاَرْبَعِيْنَ جُزْءًا

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مومن کا خواب ایک جزء ہے نبوت کے چھیالیس

مِّنَ النُّبُوَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ قَالَ الرُّؤْيَا

اجزاء میں سے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا سچا خواب

الصَّالِحَةُ جُزْءٌ مِّنْ سَبْعِيْنَ جُزْءًا مِّنَ النُّبُوَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا
نبوت کے ستر اجزاء میں سے ایک جز ہے۔ اے اللہ رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا
مُحَمَّدِ الَّذِيْ قَالَ لَمْ يَبْقَ مِنَ النُّبُوَّةِ اِلَّا الْمُبَشِّرَاتُ قَالُوْا وَمَا
محمد پر جنہوں نے فرمایا کہ نہیں باقی رہے نبوت میں سے مگر مبشرات صحابہ کرام نے عرض کیا وہ
الْمُبَشِّرَاتُ قَالَ الرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ يَرَاهَا الرَّجُلُ الْمُسْلِمُ اَوْ تُرٰى
مبشرات کیا ہیں تو آپ نے فرمایا وہ سچا خواب جسے مرد مسلم دیکھتا ہے (ذاتی صلاحیت سے) یا اسے دکھلایا جاتا ہے (قدرت
لَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ قَالَ اِذَا اقْتَرَبَ الزَّمَانُ
کاملہ سے) اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا کہ جب قریب ہوگا زمانہ (قیامت کا)
لَمْ يَكَدْ يَكْذِبُ رُؤْيَا الْمُؤْمِنِ وَرُؤْيَا الْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِّنْ سِتَّةٍ وَّ
نہیں قریب کہ جھوٹا ہو مومن کا خواب اور مومن کا خواب ایک جزء ہے نبوت کے چھیالیس
اَرْبَعِيْنَ جُزْءًا مِّنَ النُّبُوَّةِ وَمَا كَانَ مِنَ النُّبُوَّةِ فَاِنَّهٗ لَا يَكْذِبُ
اجزاء میں سے اور جو نبوت کے اثرات و برکات سے ہوگا وہ یقیناً جھوٹا نہیں ہوگا
وَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ سِيْرِيْنَ وَاَنَا اَقُوْلُ الرُّؤْيَا ثَلٰثٌ حَدِيْثُ النَّفْسِ
اور فرمایا محمد بن سیرین نے اور میں کہتا ہوں کہ خواب تین قسم کے ہیں حدیث نفس
وَتَخْوِيْفُ الشَّيْطَانِ وَبُشْرٰى مِنَ اللّٰهِ فَمَنْ رَاٰى شَيْئًا يَّكْرَهُهٗ
اور شیطانی ڈراوا اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے بشارت تو جو شخص دیکھے ایسی چیز جسے وہ ناپسند رکھتا ہے
فَلَا يَقُصَّ عَلٰى اَحَدٍ وَّلْيَقُمْ فَلْيُصَلِّ قَالَ وَكَانَ يَكْرَهُ الْغُلَّ فِي
تو وہ اسے کسی کے سامنے بیان نہ کرے اور اُٹھ کھڑا ہو پس نماز پڑھے اور فرمایا کہ وہ خواب میں طوق پہنائے جانے کو ناپسند کرتے
النَّوْمِ وَيُعْجِبُهُمُ الْقَيْدُ وَيُقَالُ الْقَيْدُ ثَبَاتٌ فِي الدِّيْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
ہیں اور بیڑیاں پہنایا جانا انہیں بھلا معلوم ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے کہ بیڑیاں پہنایا جانا دین پر ثابت قدمی (کی علامت) ہے اے اللہ صلوٰۃ نازل
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ قَالَ رَاَيْتُ ذَاتَ لَيْلَةٍ فِيْمَا يَرَى النَّائِمُ
فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا میں نے ایک رات دیکھا خواب میں جیسے کہ لوگ خواب دیکھتے ہیں

كَاَنَّا فِیْ دَارِ عُقْبَةَ بْنِ رَافِعٍ فَاُتِیْنَا بِرُطَبٍ مِّنْ رُّطَبِ ابْنِ طَابٍ

گویا کہ ہم عقبہ بن رافع کے مکان میں ہیں تو ہمارے پاس ابن طاب کے باغ والی "تازہ کھجوریں لائی گئی ہیں

فَاَوَّلْتُ اَنَّ الرِّفْعَةَ لَنَا فِی الدُّنْیَا وَالْعَاقِبَةَ فِی الْاٰخِرَةِ وَاَنَّ دِیْنَنَا

تو میں نے اس کی تعبیر یہ کی کہ دنیا میں برتری ہمارے ہی لیے ہے اور حسن عاقبت آخرت میں اور ہمارا دین

قَدْ طَابَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ قَالَ رَاَیْتُ فِی الْمَنَامِ

طیب و پاکیزہ ہو گیا ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جنہوں نے فرمایا کہ میں نے خواب میں دیکھا

اَنِّیْ اُهَاجِرُ مِنْ مَّكَّةَ اِلٰى اَرْضٍ بِهَا نَخْلٌ فَذَهَبَ وَهْلِیْ اِلٰى اَنَّهَا

کہ میں ہجرت کر رہا ہوں مکہ مکرمہ سے اس زمین کی طرف جس میں بکثرت کھجوریں ہیں تو میرا وہم اس طرف گیا کہ دار ہجرت

الْیَمَامَةُ اَوْ هَجَرُ فَاِذَا هِیَ الْمَدِیْنَةُ یَثْرِبُ وَرَاَیْتُ فِیْ رُؤْیَایَ اَنِّیْ

یمامہ یا ہجر ہے تو واقعہ میں وہ مدینۂ یثرب تھا اور میں نے خواب میں دیکھا کہ میں نے

هَزَزْتُ سَیْفًا فَانْقَطَعَ صَدْرُهٗ فَاِذَا هُوَ مَا اُصِیْبَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ

تلوار کو ہلایا تو اس کا اگلا حصّہ ٹوٹ گیا تو اس کی تعبیر تھی وہ مصیبت جو مومنین کو

یَوْمَ اُحُدٍ ثُمَّ هَزَزْتُهٗ اُخْرٰى فَعَادَ اَحْسَنَ مَا كَانَ فَاِذَا هُوَ مَا جَآءَ

احد کے دن پہنچی۔ پھر میں نے خواب میں ہی اس کو دوبارہ جھٹکا دیا تو وہ پہلے سے بھی اچھی حالت میں ہو گئی تو اس کی

اللّٰهُ بِهٖ مِنَ الْفَتْحِ وَاجْتِمَاعِ الْمُؤْمِنِیْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

تعبیر وہ فتح اور باہمی الفت تھی جو اللہ تعالیٰ نے عطا فرمائی مومنین کو۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر

الَّذِیْ قَالَ بَیْنَمَآ اَنَا نَآئِمٌ اُتِیْتُ بِخَزَآئِنِ الْاَرْضِ فَوُضِعَ فِیْ كَفِّیْ

جنہوں نے فرمایا اس دوران کہ میں سویا ہوا تھا مجھے دئے گئے زمین کے تمام خزانے اور رکھے گئے میری ہتھیلی میں

سِوَارَانِ مِنْ ذَهَبٍ فَكَبُرَا عَلَیَّ فَاُوْحِیَ اِلَیَّ اَنِ انْفُخْهُمَا فَنَفَخْتُهُمَا

سونے کے دو کنگن تو وہ دونوں مجھ پر گراں گزرے پس مجھے وحی کی گئی کہ انہیں پھونک مارو میں نے پھونک مارا

فَذَهَبَا فَاَوَّلْتُهُمَا الْكَذَّابَیْنِ الَّذَیْنِ اَنَا بَیْنَهُمَا صَاحِبَ صَنْعَآءَ وَ

تو وہ اڑ گئے میں نے اس کی تعبیر یہ کی یہ دو جھوٹے مدعیان نبوت ہیں جن کے درمیان میں موجود ہوں ایک صاحب صنعاء اور

صَاحِبُ الْيَمَامَةِ وَفِي رِوَايَةٍ يُقَالُ أَحَدُهُمَا مُسَيْلَمَةُ صَاحِبُ الْيَمَامَةِ

دوسرا صاحب یمامہ اور ایک روایت میں ہے کہ ان میں سے ایک کو مسیلمہ صاحب یمامہ کہا جاتا ہے

وَالْعَنْسِيُّ صَاحِبُ الصَّنْعَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِي قَالَ

اور دوسرا اسود عنسی صاحب صنعاء ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جنہوں نے فرمایا

أَعْنِي لِأَصْحَابِهِ هَلْ رَأَى مِنْكُمْ أَحَدٌ رُؤْيَا قُلْنَا لَا قَالَ لٰكِنِّي رَأَيْتُ

یعنی اپنے صحابہ کرام کو آیا تم میں سے کسی نے کوئی خواب دیکھا ہے انہوں عرض کیا نہیں آپ نے فرمایا لیکن میں نے

اللَّيْلَةَ رَجُلَيْنِ أَتَيَانِي فَأَخَذَا بِيَدَيَّ فَأَخْرَجَانِي إِلَى أَرْضٍ مُقَدَّسَةٍ

آج رات خواب میں دیکھا کہ دو آدمی میرے پاس آئے پس انہوں نے میرے دونوں ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لیے اور مجھے پاکیزہ زمین

فَإِذَا رَجُلٌ جَالِسٌ وَرَجُلٌ قَائِمٌ بِيَدِهٖ كَلُّوبٌ مِنْ حَدِيدٍ يُدْخِلُهُ

کی طرف لے گئے۔ ناگاہ دیکھا کہ ایک شخص بیٹھا ہے اور دوسرا کھڑا ہے جس کے ہاتھ میں لوہے کی ٹیڑھے سر والی چھڑی ہے جسے اس کی

فِي شِدْقِهٖ فَيَشُقُّهُ حَتّٰى يَبْلُغَ قَفَاهُ ثُمَّ يَفْعَلُ بِشِدْقِهِ الْآخَرِ مِثْلَ

ایک باچھ میں ڈال کر اسے گدی تک پھاڑ دیتا ہے۔ پھر دوسری باچھ کے ساتھ بھی اسی طرح کرتا ہے

ذٰلِكَ وَيَلْتَئِمُ شِدْقُهُ هٰذَا فَيَعُودُ فَيَصْنَعُ مِثْلَهُ قُلْتُ مَا هٰذَا قَالَا

اتنے میں اس کی پہلی باچھ مندمل ہو جاتی ہے۔ پس وہ مڑ کر اس کے ساتھ حسب سابق عمل کرتا ہے میں نے کہا یہ کیا ہے

اِنْطَلِقْ فَانْطَلَقْنَا حَتّٰى أَتَيْنَا عَلٰى رَجُلٍ مُضْطَجِعٍ عَلٰى قَفَاهُ وَرَجُلٌ

ان دونوں نے کہا آگے چلیے ہم چل پڑے حتی کہ اس آدمی پر پہنچے جو گدی کے بل لیٹا ہوا تھا اور دوسرا شخص

قَائِمٌ عَلٰى رَأْسِهٖ بِفِهْرٍ أَوْ صَخْرَةٍ يَشْدَخُ رَأْسَهُ فَإِذَا ضَرَبَهُ تَدَهْدَهَ

اس کے سر پر مٹھی میں گول پتھر لیے کھڑا تھا جس سے اس کا سر پھوڑتا تھا۔ جب اس کو مارتا تو پتھر دوسری

الْحَجَرُ فَانْطَلَقَ إِلَيْهِ لِيَأْخُذَهُ فَلَا يَرْجِعُ إِلٰى هٰذَا حَتّٰى يَلْتَئِمَ رَأْسُهُ

جانب لڑھک جاتا تو وہ ادھر چلتا تاکہ اس کو پکڑے ابھی واپس نہیں ہوتا تھا کہ اس کا سر درست ہو جاتا تھا

فَعَادَ رَأْسُهُ كَمَا كَانَ فَعَادَ إِلَيْهِ فَضَرَبَهُ فَقُلْتُ مَا هٰذَا قَالَا انْطَلِقْ

اور پہلے کی مانند ہو جاتا تو وہ واپس آکر پھر اسے مارتا میں نے دریافت کیا یہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا آگے چلیے

فَانْطَلَقْنَا حَتّٰی اَتَیْنَا اِلٰی ثَقْبٍ مِّثْلِ التَّنُّوْرِ اَعْلَاهُ ضَیِّقٌ وَّ اَسْفَلُهٗ

پس ہم چلے یہاں تک کہ ایک سوراخ پر آئے جو تنور کی مانند تھا اوپر والا حصہ تنگ تھا اور نچلا حصہ

وَاسِعٌ تَتَوَقَّدُ تَحْتَهٗ نَارٌ فَاِذَا ارْتَفَعَتْ اِرْتَفَعُوْا حَتّٰی كَادَ اَنْ يَّخْرُجُوْا

بہت کشادہ تھا جس کے نچلے حصے میں آگ دہک رہی تھی جب وہ بلند ہوتی تو جو اس میں تھے وہ بھی اوپر اُٹھ آتے

مِنْهَا وَاِذَا خَمَدَتْ رَجَعُوْا فِيْهَا وَفِيْهَا رِجَالٌ وَّنِسَآءٌ عُرَاةٌ فَقُلْتُ مَا

یہاں تک کہ گویا نکلنے کو ہیں اور جب وہ شعلہ بجھ جاتا تو وہ نیچے چلے جاتے اور اس میں برہنہ مرد اور عورتیں تھیں تو میں نے کہا

هٰذَا قَالَا انْطَلِقْ فَانْطَلَقْنَا حَتّٰی اَتَیْنَا عَلٰی نَهَرٍ مِّنْ دَمٍ فِيْهِ رَجُلٌ

یہ کیا ہے انہوں نے کہا آگے چلئے۔ ہم چلے یہاں تک کہ ایک نہر پر آئے جس میں خون جاری تھا اس کے وسط میں

قَآئِمٌ عَلٰی وَسْطِ النَّهَرِ وَعَلٰی شَطِّ النَّهَرِ رَجُلٌ بَيْنَ يَدَيْهِ حِجَارَةٌ

ایک شخص کھڑا تھا اور کنارے پر دوسرا شخص جس کے آگے پتھر پڑے تھے

فَاَقْبَلَ الرَّجُلُ الَّذِيْ فِي النَّهَرِ فَاِذَا اَرَادَ اَنْ يَّخْرُجَ رَمَى الرَّجُلُ بِحَجَرٍ

پس جب متوجہ ہوتا اندر والا شخص (کنارے کی طرف) باہر نکلنے کے ارادہ پر تو مار دیتا کنارے والا شخص اس پتھر کو

فِيْ فِيْهِ فَرَدَّهٗ حَيْثُ كَانَ فَجَعَلَ كُلَّمَا جَآءَ لِيَخْرُجَ رَمٰى فِيْ فِيْهِ بِحَجَرٍ

اس کے منہ میں پس اس کو سابقہ جگہ پر دھکیل دیتا۔ پس یہی اس نے وطیرہ بنا لیا کہ جب بھی وہ نکلنے لگتا یہ اس کے منہ میں

فَيَرْجِعُ كَمَا كَانَ فَقُلْتُ مَا هٰذَا قَالَا انْطَلِقْ فَانْطَلَقْنَا حَتّٰۤی انْتَهَيْنَآ

پتھر مارتا تو وہ سابقہ جگہ پر پہنچ جاتا، تو میں نے کہا یہ کیا ہے۔ ان دونوں نے کہا آگے چلئے چنانچہ ہم چلے حتی کہ پہنچے

اِلٰی رَوْضَةٍ خَضْرَآءَ فِيْهَا شَجَرَةٌ عَظِيْمَةٌ وَّفِيْۤ اَصْلِهَا شَيْخٌ وَّصِبْيَانٌ

ایک سرسبز و شاداب سبزہ زار میں جس میں ایک عظیم درخت موجود تھا جس کے تنے کے ساتھ ایک بزرگ اور کچھ بچے

وَاِذَا رَجُلٌ قَرِيْبٌ مِّنَ الشَّجَرَةِ بَيْنَ يَدَيْهِ نَارٌ يُّوْقِدُهَا وَصَعِدَا

موجود تھے اور اس درخت کے قریب ہی دوسرا شخص موجود تھا جس کے سامنے آگ ہے جسے وہ بھڑکا رہا تھا اور وہ مجھے لیکر

بِيَ الشَّجَرَةَ فَاَدْخَلَانِيْ دَارًا وَسْطَ الشَّجَرَةِ لَمْ اَرَ قَطُّ اَحْسَنَ مِنْهَا

چڑھے درخت پر اور اس کے درمیان میں موجود ایک مکان میں داخل کیا اس طرح کا خوبصورت مکان میں نے کبھی نہیں دیکھا تھا

فِيهَا شُيُوخٌ وَّشَبَابٌ وَّنِسَاءٌ وَّصِبْيَانٌ ثُمَّ اَخْرَجَانِي مِنْهَا فَصَعِدَا بِي

اس میں بوڑھے اور جوان، عورتیں اور بچے موجود تھے۔ پھر ان دونوں نے مجھے اس سے نکالا اور مجھے درخت پر

الشَّجَرَةَ فَاَدْخَلَانِي دَارًا هِيَ اَحْسَنُ وَاَفْضَلُ مِنْهَا فِيهَا شُيُوخٌ وَّ

لے چڑھے اور ایسے مکان میں داخل کیا جو پہلے سے بھی خوبصورت ترین اور افضل تھا اس میں بوڑھے اور

شَبَابٌ فَقُلْتُ لَهُمَا اِنَّكُمَا قَدْ طَوَّفْتُمَانِي اللَّيْلَةَ فَاَخْبِرَانِي عَمَّا

جوان تھے تو میں نے ان دونوں سے کہا تم نے آج ساری رات پھرایا ہے تو مجھے خبر دیجئے ہر اس شیئ سے جو

رَاَيْتُ قَالَا نَعَمْ اَمَّا الرَّجُلُ الَّذِي رَاَيْتَهُ يُشَقُّ شِدْقُهُ فَكَذَّابٌ

میں نے دیکھی ہے۔ انہوں نے کہا ہاں۔ لیکن وہ شخص جسے تم نے دیکھا کہ اس کی باچھیں چیری جا رہی تھیں تو وہ کذاب تھا

يُحَدِّثُ بِالْكِذْبَةِ فَتُحْمَلُ عَنْهُ حَتّٰى تَبْلُغَ الْاٰفَاقَ فَيُصْنَعُ بِهِ مَا تَرٰى

جھوٹ بیان کرتا پھر اس سے اس کو نقل کیا جاتا حتیٰ کہ سب آفاق میں پہنچ جاتا تو اس کے ساتھ وہ سلوک کیا جاتا رہے گا جو تم نے

اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَالَّذِي رَاَيْتَهُ يُشْدَخُ رَاْسُهُ فَرَجُلٌ عَلَّمَهُ اللّٰهُ

دیکھا تا قیام قیامت اور وہ جس کا سر پھوڑتے آپ نے دیکھا وہ ایسا شخص ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے قرآن کا

الْقُرْاٰنَ فَنَامَ عَنْهُ بِاللَّيْلِ وَلَمْ يَعْمَلْ بِمَا فِيهِ بِالنَّهَارِ يُفْعَلُ بِهِ

علم بخشا مگر وہ اس سے رات کو سویا رہتا اور دن میں اس کے مطابق عمل نہ کرتا تھا۔ اس کے ساتھ یہ سلوک

مَا رَاَيْتَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَالَّذِي رَاَيْتَهُ فِي الثَّقْبِ فَهُمُ الزُّنَاةُ وَ

جو آپ نے دیکھا قیامت تک جاری رہے گا اور جنہیں آپ نے بڑے سوراخ میں دیکھا تو وہ زنا کار مرد اور عورتیں تھیں

الَّذِي رَاَيْتَهُ فِي النَّهْرِ اٰكِلُ الرِّبٰى وَالشَّيْخُ الَّذِي رَاَيْتَهُ فِيْ اَصْلِ الشَّجَرَةِ

جسے آپ نے خون کی نہر میں دیکھا تو وہ سود خوار تھا اور وہ بزرگ جسے آپ نے درخت کے نیچے دیکھا

اِبْرَاهِيمُ وَالصِّبْيَانُ حَوْلَهُ فَاَوْلَادُ النَّاسِ وَالَّذِي يُوْقِدُ النَّارَ مَالِكٌ

حضرت ابراہیم علیہ السلام تھے۔ اور ان کے اردگرد والے بچے لوگوں کے فوت ہونیوالے چھوٹے بچے تھے۔ اور آگ بھڑکانے والا شخص مالک

خَازِنُ النَّارِ وَالدَّارُ الْاُوْلَى الَّتِي دَخَلْتَ دَارُ عَامَّةِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَمَّا

تھا جو دوزخ کا نگران ہے۔ اور پہلا مکان جس میں آپ داخل ہوئے وہ عام مومنین کی جنت تھی لیکن

هٰذِهِ الدَّارُ فَدَارُ الشُّهَدَآءِ وَاَنَا جِبْرَئِيلُ وَهٰذَا مِيكَآئِيلُ فَارْفَعْ
دوسرا مکان دار الشہداء تھا اور میں جبرائیل ہوں اور یہ میکائیل ہیں ۔ تو آپ اپنا سر بلند
رَاْسَكَ فَرَفَعْتُ رَاْسِي فَإِذَا فَوْقِي مِثْلُ السَّحَابِ وَفِي رِوَايَةٍ مِّثْلُ
کریں جب میں نے سر کو اوپر اٹھایا تو ناگاہ میرے اوپر بادل کی مانند ایک چیز تھی اور ایک روایت میں ہے
الرَّبَابَةِ الْبَيْضَاءِ قَالَا ذَاكَ مَنْزِلُكَ قُلْتُ دَعَانِي اَدْخُلْ مَنْزِلِي
کہ سفید پتلے بادل کی مانند ۔ انہوں نے کہا وہ بلند مرتبت منزل آپ کی ہے ۔ میں نے کہا مجھے اجازت دیجئے میں اپنی منزل
قَالَا اِنَّهُ بَقِيَ لَكَ عُمُرٌ لَّمْ تَسْتَكْمِلْهُ فَإِذَا اسْتَكْمَلْتَهُ اَتَيْتَ
میں داخل ہو جاؤں انہوں نے کہا ابھی آپ کی عمر باقی ہے جس کی تکمیل آپ نے نہیں کی جب اس کو مکمل کر چکے تو اپنی اس
مَنْزِلَكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِي جَآءَ رَجُلٌ اِلَيْهِ
منزل میں آ جاؤ گے ۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کے پاس ایک شخص حاضر ہوا اور
فَقَالَ رَاَيْتُ فِي الْمَنَامِ كَاَنَّ رَاْسِي قُطِعَ قَالَ ضَحِكَ النَّبِيُّ صَلَّى
اس نے عرض کیا کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ گویا میرا سر کاٹا جا چکا ہے تو آپ ہنس پڑے
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ اِذَا لَعِبَ الشَّيْطَانُ بِاَحَدِكُمْ فِي مَنَامِهِ فَلَا
اور فرمایا جب تم میں سے کسی کے ساتھ شیطان کھیلے اس کی نیند میں تو وہ اسے لوگوں کے سامنے
يُحَدِّثْ بِهِ النَّاسَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِي قَالَ الرُّؤْيَا
بیان نہ کرے ۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا
الصَّالِحَةُ مِنَ اللّٰهِ وَالْحُلُمُ مِنَ الشَّيْطَانِ فَإِذَا رَاٰى اَحَدُكُمْ مَّا
سچا خواب اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اور جھوٹا خواب شیطان کی طرف سے ۔ جب تم میں سے کوئی شخص ایسا خواب
يُحِبُّ فَلَا يُحَدِّثْ بِهِ اِلَّا مَنْ يُّحِبُّ وَاِذَا رَاٰى مَا يَكْرَهُ فَلْيَتَعَوَّذْ بِاللّٰهِ
دیکھے جسے پسند کرتا ہے تو اسے صرف اپنے محبوب لوگوں کے سامنے بیان کرے ۔ اور ناپسندیدہ امر دیکھے تو اللہ کی پناہ طلب
مِنْ شَرِّهَا وَمِنْ شَرِّ الشَّيْطٰنِ وَلْيَتْفُلْ ثَلٰثًا وَّلَا يُحَدِّثْ بِهَا اَحَدًا
کرے اس کے شر سے اور شر شیطان سے اور تین مرتبہ تھوکے اور کسی کو بیان نہ کرے

فَإِنَّهَا لَنْ تَضُرَّهُ ۵ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ قَالَ إِذَا رَاٰى
وہ اسے ہرگز ضرر نہیں دے گا۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنھوں نے فرمایا جب تم میں سے کوئی

اَحَدُكُمُ الرُّؤْيَا يَكْرَهُهَا فَلْيَبْصُقْ عَنْ يَّسَارِهٖ ثَلٰثًا وَّلْيَسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ
خواب دیکھے جسے ناپسند کرتا ہو تو بائیں جانب تین مرتبہ تھوکے اور پناہ طلب کرے اللہ تعالیٰ کی

الشَّيْطٰنِ ثَلٰثًا وَّلْيَتَحَوَّلْ عَنْ جَنْبِهِ الَّذِىْ كَانَ عَلَيْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى
شیطان سے تین مرتبہ اور بدل جائے اس پہلو سے کہ جس پر تھا۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ قَالَ الرُّؤْيَا ثَلٰثٌ مِنْهَا اَهَاوِيْلُ مِنَ الشَّيْطَانِ
سیدنا محمد پر جنھوں نے فرمایا خواب تین قسم پر ہیں۔ بعض شیطان کی طرف سے جو ہول و دہشت کے موجب ہوتے

لِيُحْزِنَ بِهَا ابْنَ اٰدَمَ وَمِنْهَا مَا يَهُمُّ بِهِ الرَّجُلُ فِىْ يَقْظَتِهٖ فَيَرَاهُ
ہیں تاکہ ابن آدم کو غمزدہ کرے اور بعض وہ ہیں جس چیز کا آدمی بیداری میں ارادہ کرتا ہے پس اسی کو

فِىْ مَنَامِهٖ وَمِنْهَا جُزْءٌ مِّنْ سِتَّةٍ وَّاَرْبَعِيْنَ جُزْءًا مِّنَ النُّبُوَّةِ قَالَ
نیند میں دیکھتا ہے اور بعض وہ ہیں جو نبوت کے چھیالیس اجزاء میں سے ایک جز ہوتے ہیں راوی کہتا ہے

قُلْتُ لِعَوْفِ بْنِ مَالِكٍ اَنْتَ سَمِعْتَ هٰذَا مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى
میں نے حضرت عوف بن مالک سے کہا کیا واقعی تم نے سُنا اس کو رسول خدا صلی

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَنَا سَمِعْتُهٗ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
اللہ علیہ وسلم سے تو انہوں نے کہا میں نے سُنا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ قَالَ إِذَا رَاٰى اَحَدُكُمْ
وسلم سے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنھوں نے فرمایا جب دیکھے تم سے کوئی

رُؤْيَا يَّكْرَهُهَا فَلْيَتَحَوَّلْ وَلْيَتْفُلْ عَنْ يَّسَارِهٖ ثَلٰثًا وَّلْيَسْئَلِ اللّٰهَ
ناپسندیدہ خواب تو پہلو بدل لے اور بائیں جانب تین مرتبہ تھوکے اور اللہ تعالیٰ سے سوال کرے

مِنْ خَيْرِهَا وَلْيَتَعَوَّذْ مِنْ شَرِّهَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ
اس کی خیر کا اور پناہ طلب کرے اس کے شر سے۔ اے اللہ صلوٰۃ ورحمت نازل فرما سیدنا محمد پر جنھوں نے فرمایا

جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنِّي رَأَيْتُ رَأْسِي

کہ ایک آدمی نبی اکرم علیہ السلام کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور عرض کیا میں نے دیکھا کہ میرا سر

ضُرِبَ فَرَأَيْتُهُ يَتَدَهْدَهُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

قلم کر دیا گیا اور وہ لڑھکتا جا رہا ہے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

يَعْمِدُ الشَّيْطٰنُ إِلَى أَحَدِكُمْ فَيَهُولُهُ ثُمَّ يَغْدُو وَيُخْبِرُ النَّاسَ

نے فرمایا قصد کرتا ہے تم میں کسی کا شیطان پس وہ اسے ہول اور دہشت میں مبتلا کرتا ہے پھر وہ صبح کرتا ہے اور لوگوں کو وہ خواب

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِي أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ

بتلاتا ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر جن کی بارگاہ میں ایک شخص حاضر ہوا جبکہ

سَلَّمَ رَجُلٌ وَهُوَ يَخْطُبُ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ رَأَيْتُ الْبَارِحَةَ فِيمَا

آپ خطبہ دے رہے تھے پس عرض کی یا رسول اللہ میں نے گزشتہ رات دیکھا جیسے کہ

يَرَى النَّائِمُ كَأَنَّ عُنُقِي ضُرِبَتْ وَسَقَطَ رَأْسِي فَاتَّبَعْتُهُ فَأَخَذْتُهُ

سونے والے دیکھتے ہیں گویا کہ میری گردن مار دی گئی ہے اور میرا سر گر پڑا ہے میں نے اس کے پیچھے جا کر اُس کو پکڑ لیا

فَأَعَدْتُهُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا لَعِبَ الشَّيْطَانُ

اور دوبارہ اپنی جگہ پر رکھ دیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب شیطان تم میں سے کسی کے ساتھ

بِأَحَدِكُمْ فِي مَنَامِهِ فَلَا يُحَدِّثَنَّ بِهِ النَّاسَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

کھیلے اس کی نیند میں تو وہ ہرگز اسے لوگوں کو نہ بتلائے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و رحمت نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدِنِ الَّذِي قَالَ إِذَا حَلَمَ أَحَدُكُمْ فَلَا يُخْبِرِ النَّاسَ بِتَلَعُّبِ الشَّيْطٰنِ

محمد پر جنھوں نے فرمایا جب کسی کو بیہودہ خواب آئے تو وہ لوگوں کو بیان نہ کرے شیطان اس کے ساتھ حالتِ نیند میں

بِهِ فِي الْمَنَامِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِي يَقُولُ الرُّؤْيَا عَلٰى

مزاح کرتا ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر جو فرماتے ہیں کہ خواب

رِجْلِ طَائِرٍ مَّا لَمْ تُعَبَّرْ فَإِذَا عُبِّرَتْ وَقَعَتْ قَالَ وَالرُّؤْيَا جُزْءٌ مِّنْ

پرندے کے پاؤں پر ہوتا ہے جبتک اس کی تعبیر نہ کی جائے جب اس کی تعبیر کردی جائے تو اس کے مطابق وقوع پذیر ہوتا ہے اور فرمایا کہ خواب

سِتَّةٍ وَّاَرْبَعِيْنَ جُزْءًا مِّنَ النُّبُوَّةِ قَالَ وَاَحْسِبُهٗ قَالَ لَا يَقُصُّهَا اِلَّا

ایک جزء ہے نبوت کے چھیالیس اجزاء میں سے۔ راوی کہتا ہے اور میں گمان کرتا ہوں کہ فرمایا اسے نہ بیان کرے مگر

عَلٰى وَادٍّ اَوْ ذِيْ رَاْيٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ قَالَ اُعْتَبِرُوْهَا

اہل مودت پر یا عقلمند پر۔ اے اللہ صلوٰۃ ورحمت نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جنہوں نے فرمایا تعبیر کرو انہیں

بِاَسْمَائِهَا وَكُنُوْهَا بِكُنَاهَا وَالرُّؤْيَا لِاَوَّلِ عَابِرٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

اُن کے اسماء کے ساتھ اور کنیتوں کے ساتھ نامزد کرو اور خواب پہلے تعبیر دینے والے کے مطابق ہوتا ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ ورحمت

مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اَتٰى اِلَيْهِ رَجُلٌ مُّنْصَرَفَهٗ مِنْ اُحُدٍ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کی بارگاہ میں حاضر ہوا ایک شخص احد سے واپسی کے وقت پس عرض کیا رسول اللہ

اِنِّيْ رَاَيْتُ فِي الْمَنَامِ ظُلَّةً تَنْطِفُ سَمْنًا وَّعَسَلًا وَّرَاَيْتُ النَّاسَ

میں نے خواب میں ایک چھوٹی سی بدلی دیکھی جس سے ٹپک رہا ہے گھی اور شہد اور لوگوں کو دیکھا کہ

يَتَكَفَّفُوْنَ مِنْهَا فَالْمُسْتَكْثِرُ وَالْمُسْتَقِلُّ وَرَاَيْتُ سَبَبًا وَّاصِلًا اِلَى

وہ ہتھیلیوں پر لیتے ہیں اس سے بعض بہت زیادہ اور بعض کم اور دیکھا میں نے ایک رسے کو جو آسمان تک

السَّمَاءِ رَاَيْتُكَ اَخَذْتَ بِهٖ فَعَلَوْتَ بِهٖ ثُمَّ اَخَذَ بِهٖ رَجُلٌ بَعْدَكَ فَعَلَا بِهٖ

پہنچا ہوا تھا میں نے دیکھا کہ آپ نے اس کو پکڑا اور اوپر چڑھ گئے پھر آپ کے بعد دوسرے شخص بھی اس کو پکڑ کر چڑھ گئے

ثُمَّ اَخَذَ بِهٖ رَجُلٌ بَعْدَهٗ فَانْقَطَعَ بِهٖ ثُمَّ وُصِلَ لَهٗ فَعَلَا بِهٖ فَقَالَ

پھر ایک اور شخص نے اسے پکڑا تو وہ ٹوٹ گیا پھر اس کو جوڑا گیا اس کے لیے تو وہ بھی اوپر چڑھ گیا تو حضرت ابوبکرؓ نے عرض

اَبُوْ بَكْرٍ دَعْنِيْ اُعَبِّرُهَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ عَبِّرْهَا قَالَ اَمَّا الظُّلَّةُ

کیا مجھے اجازت دیجئے یارسول کہ میں اس کی تعبیر کروں آپ نے فرمایا تعبیر کرو تو انہوں نے فرمایا چھتری

فَالْاِسْلَامُ وَاَمَّا مَا يَنْطِفُ مِنْهَا مِنَ الْعَسَلِ وَالسَّمْنِ فَهُوَ الْقُرْاٰنُ

اسلام ہے اور جو اس سے ٹپک رہا ہے یعنی شہد اور گھی تو وہ قرآن مجید

حَلَاوَتُهٗ وَلِيْنُهٗ وَاَمَّا مَا يَتَكَفَّفُ مِنْهُ النَّاسُ فَالْاٰخِذُ مِنَ الْقُرْاٰنِ

اور اس کی حلاوت اور لطافت ہے اور وہ جو لوگ اس سے ہتھیلیوں پر لیتے ہیں (کچھ زیادہ کچھ کم) تو وہ قرآن سے حاصل کرنیوالے

كَثِيرًا أَوْ قَلِيلًا وَأَمَّا السَّبَبُ الْوَاصِلُ إِلَى السَّمَاءِ فَمَا أَنْتَ عَلَيْهِ مِنَ

ہیں زیادہ اور تھوڑا۔ لیکن وہ رسا جو آسمان تک پہنچا ہوا ہے تو وہ دین کی حقانیت ہے جس پر آپ پر قائم ہو

الْحَقِّ أَخَذْتَ بِهِ فَعَلَا بِكَ ثُمَّ يَأْخُذُهُ رَجُلٌ مِنْ بَعْدِكَ فَيَعْلُو بِهِ

آپ نے اس کو اپنایا اور وہ آپ کو بلندیوں پر لے گیا پھر آپ کے بعد دوسرا شخص اس کا ذمہ دار ہوگا تو یہ دین اس کو بھی بلندیوں پر فائز

ثُمَّ آخَرُ فَيَنْقَطِعُ بِهِ ثُمَّ يُوصَلُ لَهُ فَيَعْلُو بِهِ قَالَ أَصَبْتَ بَعْضًا وَ

کرے گا۔ پھر اور شخص جس کے ساتھ وہ منقطع ہوگا پھر اس کو متصل کیا جائے گا پس بلند ہوگا۔ آپ نے فرمایا بعض میں درست کہا اور بعض میں

أَخْطَأْتَ بَعْضًا قَالَ أَبُو بَكْرٍ أَقْسَمْتُ عَلَيْكَ يَا رَسُولَ اللهِ لَتُخْبِرَنِّي

خطاء کی ہے ابوبکر نے عرض کیا میں قسم دے کر عرض کرتا ہوں یا رسول اللہ کہ مجھے ضرور بتلاؤ

بِالَّذِي أَصَبْتُ مِنَ الَّذِي أَخْطَأْتُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ

جس میں میں نے صواب کو پایا اور جہاں خطا سرزد ہوئی تو آپ نے فرمایا اے ابوبکر قسمیں نہ دو۔ صلی اللہ علیہ و

سَلَّمَ لَا تُقْسِمْ يَا أَبَا بَكْرٍ اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الَّذِي ابْنُ

و آلہ وصحبہ وسلم۔ اے اللہ صلوٰۃ ورحمت نازل فرما سیدنا محمد پر کہ حضرت عبداللہ

عُمَرَ قَالَ كُنْتُ غُلَامًا شَابًّا عَزَبًا فِي عَهْدِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

بن عمر نے فرمایا کہ میں نوجوان غیر شادی شدہ تھا زمانۂ رسول صلی اللہ علیہ وسلم

وَسَلَّمَ فَكُنْتُ أَبِيتُ فِي الْمَسْجِدِ فَكَانَ مَنْ رَأَى مِنَّا رُؤْيَا يَقُصُّهَا

میں، اور میں مسجد شریف میں ہی رات گزارتا تھا تو ہم میں سے جو بھی خواب دیکھتا وہ اسے

عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ اللّٰهُمَّ إِنْ كَانَ لِي عِنْدَكَ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے بیان کرتا میں نے بارگاہِ الوہیت میں عرض کیا اے اللہ اگر میرے لیے تیرے

خَيْرٌ فَأَرِنِي رُؤْيَا يُعَبِّرُهَا لِي النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنِمْتُ

ہاں کوئی خیر ہے تو مجھے ایسا خواب دکھلا جس کی تعبیر مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیان فرمائیں چنانچہ میں سویا

فَرَأَيْتُ مَلَكَيْنِ أَتَيَانِي فَانْطَلَقَا بِي فَلَقِيَهُمَا مَلَكٌ آخَرُ فَقَالَ لَمْ تُرَعْ

اور دو فرشتوں کو دیکھا جو میرے پاس آکر مجھے لے گئے راہ میں ان کو ایک اور فرشتہ ملا تو اس نے کہا تو خوف نہ کھا

فَانْطُلِقَ بِی اِلَی النَّارِ فَاِذَا هِیَ مَطْوِیَّةٌ کَطَیِّ الْبِئْرِ وَاِذَا فِیْهَا نَاسٌ قَدْ

تو مجھے آتش دوزخ کی طرف لے جایا گیا ناگاہ وہ کوئیں کی مانند گولی تھی اور کیا دیکھتا ہوں کہ اس میں لوگ ہیں

عَرَفْتُ بَعْضَهُمْ فَاُخِذُوْا بِیْ ذَاتَ الْیَمِیْنِ فَلَمَّا اَصْبَحْتُ ذَکَرْتُ

جن میں سے بعض میرے جانے پہچانے تھے تو وہ ملائکہ مجھے دائیں جانب لے گئے جب صبح ہوئی تو میں نے یہ صورت ان سے

ذٰلِكَ لِحَفْصَةَ فَزَعَمَتْ حَفْصَةُ اَنَّهَا قَصَّتْهَا عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ

بیان کی انہوں نے کہا کہ میں نے اس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ

عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ عَبْدَ اللّٰهِ رَجُلٌ صَالِحٌ لَوْ کَانَ یُکْثِرُ الصَّلٰوةَ مِنَ

وسلم پر پیش کیا تو آپ نے فرمایا بے شک عبد اللہ نیک آدمی ہے۔ اگر ہر رات بکثرت نوافل ادا کرتا تو اس

اللَّیْلِ قَالَ فَکَانَ عَبْدُ اللّٰهِ یُکْثِرُ الصَّلٰوةَ مِنَ اللَّیْلِ وَعَنْ خَرَشَةَ

کے درجات مزید بلند ہوتے) راوی نے کہا کہ حضرت عبد اللہ بعد ازاں رات کو بکثرت نوافل ادا کرتے تھے اور خرشہ سے مروی ہے

قَالَ قَدِمْتُ الْمَدِیْنَةَ فَجَلَسْتُ اِلٰی مَشْیَخَةٍ فِیْ مَسْجِدِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ

کہ میں مدینہ منورہ حاضر ہوا تو مسجد شریف میں مسجد رسول صلی اللہ

عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَجَاءَ شَیْخٌ یَّتَوَکَّاُ عَلٰی عَصًا لَهٗ فَقَالَ الْقَوْمُ مَنْ سَرَّهٗ اَنْ

علیہ وسلم میں مشائخ کے پاس بیٹھا اسی دوران ایک بزرگ عصا کا سہارا لیے تشریف لائے تھے لوگوں نے کہا جس کو یہ بات

یَّنْظُرَ اِلٰی رَجُلٍ مِّنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَلْیَنْظُرْ اِلٰی هٰذَا فَقَامَ خَلْفَ سَارِیَةٍ

اچھی لگے کہ وہ ایک جنتی آدمی کو دیکھے تو چاہیئے کہ وہ اس شخص کو دیکھے وہ بزرگ ایک ستون کے پیچھے کھڑے ہوئے

فَصَلّٰی رَکْعَتَیْنِ فَقُمْتُ اِلَیْهِ فَقُلْتُ لَهٗ قَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ کَذَا وَکَذَا

پس دو رکعت ادا کیں میں اٹھ کر ان کی طرف گیا اور ان سے کہا لوگوں نے آپ کے متعلق ایسی ایسی بات کی ہے

قَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الْجَنَّةُ لِلّٰهِ یُدْخِلُهَا مَنْ یَّشَاءُ وَاِنِّیْ رَاَیْتُ عَلٰی عَهْدِ

تو انہوں نے کہا الحمد للہ جنت اللہ تعالیٰ کے ملک میں ہے اس میں جسے چاہے گا داخل فرمائے گا اور میں نے زمانہ رسول

رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رُؤْیَا رَاَیْتُ کَاَنَّ رَجُلًا اَتَانِیْ فَقَالَ

صلی اللہ علیہ وسلم میں خواب دیکھا کہ گویا ایک آدمی میرے پاس آیا پس اس نے کہا

لِي انْطَلِقْ فَذَهَبْتُ مَعَهُ فَسَلَكَ بِي فِي مَنْهَجٍ عَظِيمٍ فَعُرِضَتْ عَلَيَّ

چلئے میں اس کے ساتھ چل پڑا تو وہ مجھے بہت بڑی کشادہ راہ پر لے چلا اس دوران مجھ پر ایک راستہ

طَرِيقٌ عَنْ يَسَارِي فَأَرَدْتُ أَنْ أَسْلُكَهَا فَقَالَ إِنَّكَ لَسْتَ مِنْ أَهْلِهَا

بائیں جانب سے پیش کیا گیا میں نے اس پر چلنے کا ارادہ کیا تو اس نے کہا یقیناً تو اس راہ والوں سے نہیں ہے

ثُمَّ عُرِضَتْ عَلَيَّ طَرِيقٌ عَنْ يَمِينِي فَسَلَكْتُهَا حَتَّى إِذَا انْتَهَيْتُ إِلَى

پھر مجھ پر دائیں جانب سے ایک راہ پیش کی گئی تو میں اس پر چل پڑا حتیٰ کہ جب میں ایک صاف اور ملائم

جَبَلٍ زَلَقٍ فَأَخَذَ بِيَدِي فَزَجَّلَ بِي حَتَّى أَخَذْتُ بِالْعُرْوَةِ فَقَالَ

پتھروں والے پہاڑ تک پہنچ گیا تو اس نے میرا ہاتھ پکڑ لیا اور مجھے زور سے اُوپر دھکیلا حتیٰ کہ میں نے اُوپر لگے کنڈے اور حلقے کو

اَسْتَمْسَكْتَ قُلْتُ نَعَمْ فَضَرَبَ الْعَمُودَ بِرِجْلِهِ فَاسْتَمْسَكْتُ بِالْعُرْوَةِ

پکڑ لیا تو اس نے کہا کیا تو اسے پکڑے رہے گا تو میں نے کہا ہاں تو اس نے ستون پر اپنا پاؤں مارا تو میں اس حلقہ سے چمٹا رہا

فَقَالَ قَصَصْتُهَا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رَأَيْتَ خَيْرًا

انہوں نے کہا پس میں نے وہ خواب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بیان کیا آپ نے فرمایا تو نے اچھا خواب دیکھا

أَمَّا الْمَنْهَجُ الْعَظِيمُ فَالْمَحْشَرُ وَأَمَّا الطَّرِيقُ الَّتِي عُرِضَتْ عَنْ

وہ کشادہ راستہ میدان محشر ہے۔ اور وہ راستہ جو تیری بائیں جانب

يَسَارِكَ فَطَرِيقُ أَهْلِ النَّارِ وَلَسْتَ مِنْ أَهْلِهَا وَأَمَّا الطَّرِيقُ الَّتِي

پیش آیا تو وہ اہل نار کا راستہ ہے اور تو ان سے نہیں ہے۔ لیکن وہ راستہ جو

عُرِضَتْ عَنْ يَمِينِكَ فَطَرِيقُ أَهْلِ الْجَنَّةِ وَأَمَّا الْجَبَلُ الزَّلَقُ

دائیں جانب نمودار ہوا تو وہ اہل جنت کا راستہ ہے لیکن پھسلن والا پہاڑ

فَمَنْزِلُ الشُّهَدَاءِ وَأَمَّا الْعُرْوَةُ الَّتِي اسْتَمْسَكْتَ بِهَا فَعُرْوَةُ الْإِسْلَامِ

پس وہ شہداء کی قیام گاہ ہے۔ لیکن وہ حلقہ جس کو تو نے مضبوطی سے تھاما تو وہ اسلام کا حلقہ ہے

فَاسْتَمْسِكْ بِهَا حَتَّى تَمُوتَ فَأَنَا أَرْجُو أَنْ تَكُونَ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ

لہٰذا اسے مضبوطی سے تھامے رکھ حتیٰ کہ تجھے اسی حالت پر موت آئے پس میں امید رکھتا ہوں کہ تو اہل جنت سے ہو گا

فَاِذَا هُوَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ قَالَ ابْنُ

پھر معلوم ہوا کہ وہ بزرگ حضرت عبداللہ بن سلام تھے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر کہ حضرت ابن

خُزَيْمَةَ اَنَّهُ يَرٰى فِيْمَا يَرَى النَّائِمُ اَنَّهُ سَجَدَ عَلٰى جَبْهَةِ النَّبِيِّ صَلَّى

خزیمہ نے فرمایا کہ انہوں نے خواب میں دیکھا کہ انہوں نے جبین نبی صلی اللہ

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَهُ فَاضْطَجَعَ لَهُ وَقَالَ صَدِّقْ رُؤْيَاكَ فَسَجَدَ

علیہ وسلم پر سجدہ کیا ہے (جب یہ خواب) انہوں نے آپ سے عرض کیا تو آپ لیٹ گئے اور فرمایا اپنے خواب کو سچا کرلو چنانچہ انہوں

عَلٰى جَبْهَتِهِ وَاُمُّ الْمُؤْمِنِيْنَ عَائِشَةُ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا قَالَتْ سُئِلَ

نے آپ کی پیشانی پر سجدہ کیا اور ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ وَّرَقَةَ فَقَالَتْ خَدِيْجَةُ اَنَّهُ كَانَ

ورقہ بن نوفل کے متعلق تو آپ سے حضرت خدیجہ نے عرض کیا اس نے

قَدْ صَدَّقَكَ وَلٰكِنْ مَّاتَ قَبْلَ اَنْ تَظْهَرَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

آپ کی تصدیق کی تھی ۔ لیکن آپ کی نبوت کے ظہور سے قبل ان کی وفات ہوگئی تو رسول اللہ صلی اللہ

عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اُرِيْتُهُ فِى الْمَنَامِ وَعَلَيْهِ ثِيَابٌ بِيْضٌ وَّلَوْ كَانَ مِنْ

علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا وہ خواب میں مجھے دکھلایا گیا جبکہ اس کے کپڑے سفید تھے اور اگر وہ

اَهْلِ النَّارِ لَكَانَ عَلَيْهِ لِبَاسٌ غَيْرُ ذٰلِكَ وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اہل نار سے ہوتا تو اس کا لباس اس سے مختلف ہوتا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

اَصْدَقُ الرُّؤْيَا بِالْاَسْحَارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ قَالَ مِنْ

سب سے زیادہ سچے خواب اوقات سحر والے ہوتے ہیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جنہوں نے فرمایا

اَفْرَى الْفِرٰى اَنْ يُّرِىَ الرَّجُلُ عَيْنَيْهِ مَالَمْ تَرَيَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

بڑے افترآت میں سے یہ بھی ہے کہ آدمی اپنی آنکھوں کو دکھلائے جو انہوں نے نہیں دیکھا یعنی جھوٹے خواب بیان کرے ۔ اے اللہ صلوٰۃ

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ قَالَ مَنْ تَحَلَّمَ حُلْمًا كَاذِبًا كُلِّفَ اَنْ

نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے فرمایا جس نے جھوٹا خواب بیان کیا تو اسے مکلف ٹھہرایا جائے گا

يَعۡقِدُ بَيۡنَ شَعِيۡرَتَيۡنِ وَيُعَذَّبُ عَلٰى ذٰلِكَ سُبۡحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا

جو کے دو دانوں میں گانٹھ دینے کا اور عذاب دیا جائے گا اس کی وجہ سے۔ پاکیزگی ہے اللہ تعالیٰ کے لیے ان اشیاء کی

خَلَقَ فِي السَّمَآءِ وَسُبۡحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا خَلَقَ فِي الۡاَرۡضِ وَسُبۡحَانَ

مقدار جو آسمانوں میں پیدا کیں اور تسبیح ہے اللہ کے لیے ان کی مقدار جو زمین میں پیدا کیں اور تسبیح ہے

اللّٰهِ عَدَدَ مَا بَيۡنَ ذٰلِكَ وَسُبۡحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا هُوَ خَالِقٌ اَللّٰهُمَّ اغۡفِرۡ

اللہ کے لیے بمقدار ان اشیاء کی جو ان کے درمیان ہیں اور تسبیح ہے اللہ کیلئے ان کی مقدار جنہیں وہ پیدا کرنیوالا ہے۔ اے اللہ بخش

لِيۡ ذُنُوۡبِيۡ كُلَّهٗ مِنَ الۡكَبَآئِرِ وَالصَّغَآئِرِ دِقَّهٗ وَجِلَّهٗ وَاَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ وَ

دے میرے تمام گناہ کبائر اور صغائر، چھوٹے اور بڑے اوّل اور آخر

عَلَانِيَةً وَسِرَّهٗ اَللّٰهُمَّ اِنِّيۡۤ اَعُوۡذُ بِرِضَاكَ مِنۡ سَخَطِكَ وَبِمُعَافَاتِكَ

علانیہ اور خفیہ۔ اے اللہ میں پناہ طلب کرتا ہوں تیری رضا کے طفیل تیری ناراضگی سے اور تیری عفو کے طفیل

مِنۡ عُقُوۡبَتِكَ وَاَعُوۡذُ بِكَ مِنۡكَ لَاۤ اُحۡصِيۡ ثَنَآءً عَلَيۡكَ اَنۡتَ كَمَاۤ

تیری عقوبت سے اور پناہ طلب کرتا ہوں تیری ذات کے طفیل تجھ سے۔ میں نہیں احاطہ کر سکتا تیری ثناء کا۔ تو اسی ثنا

اَثۡنَيۡتَ عَلٰى نَفۡسِكَ اَللّٰهُمَّ اغۡفِرۡ لِيۡ ذُنُوۡبِيۡ وَوَسِّعۡ لِيۡ خُلُقِيۡ وَطَيِّبۡ لِيۡ

کے لائق ہے جو خود اپنی ذات پر کی ہے۔ اے اللہ میرے گناہ بخش اور میرے اخلاق وسیع بنا اور میری کمائی کو پاکیزہ بنا

كَسۡبِيۡ وَقَنِّعۡنِيۡ بِمَا رَزَقۡتَنِيۡ وَلَا تَذۡهَبۡ اِلٰى شَيۡءٍ صَرَفۡتَهٗ عَنِّيۡ وَاَعۡطِنِيۡ

اور مجھے قانع بنا اس کے ساتھ جو عطا کیا اور نہ جا طرف میری اس برائی کے جسے تو نے مجھ سے پھیر دیا اور مجھے کامیابی کا ضامن

عِلۡمًا نَّجِيۡحًا وَّتِجَارَةً لَّنۡ تَبُوۡرَ اَللّٰهُمَّ قَنِّعۡنِيۡ بِمَا رَزَقۡتَنِيۡ وَبَارِكۡ لِيۡ

علم عطا کر اور ایسی تجارت جو کبھی برباد نہ ہو۔ اے اللہ مجھے قانع بنا اپنے عطا کردہ رزق پر اور نگران بن اوپر

وَاخۡلُفۡ عَلٰى كُلِّ غَآئِبَةٍ لِّيۡ بِخَيۡرٍ يَا صَرِيۡخَ الۡمُسۡتَصۡرِخِيۡنَ يَا مُنۡتَهٰى

ہر اس چیز کے جو مجھ سے غائب ہے ساتھ خیر کے اے فریادیوں کی جائے فریاد اور لوٹنے

الۡعَآئِذِيۡنَ يَا مُفَرِّجَ الۡمَكۡرُوۡبِيۡنَ يَا مُفَرِّجَ الۡمَكۡرُوۡبِيۡنَ يَا مُفَرِّجَ الۡمَغۡمُوۡمِيۡنَ

والوں کا مرجع اور غمزدگان کے غم گسار اور غمگینوں کو فرحت بخشنے والے

مَنْزِلٌ عَلَيْكَ بِكُلِّ حَاجَةٍ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْۤ اَسْتَغْفِرُكَ لِمَا تُبْتُ اِلَيْكَ مِنْهُ

تیری بارگاہ میں محل نزول ہے ہر حاجتمند کی حاجت کیلئے ۔ اے اللہ میں مغفرت طلب کرتا ہوں تجھ سے اس گناہ کی جس سے میں

وَعُدْتُّ فِيْهِ وَاَسْتَغْفِرُكَ مِمَّاۤ اَعْرَضْتُكَ مِنْ سُوْٓءِ نَفْسِيْ فَلَمْ اَتُبْ

نے توبہ کی اور پھر اس کی طرف لوٹا اور استغفار کرتا ہوں اس گناہ سے جس میں میں نے تجھ سے روگردانی کی اپنے نفس کی برائی کی وجہ سے پس میں نے

اِلَيْكَ وَاَسْتَغْفِرُكَ لِلنِّعَمِ الَّتِيْ تَقَوَّيْتُ بِهَا عَلٰى مَعْصِيَتِكَ وَاَسْتَغْفِرُكَ

تیری طرف توبہ نہ کی اور استغفار کرتا ہوں تجھ سے ان نعمتوں کی وجہ سے جن کے ساتھ میں نے تقویت حاصل کی تیری معصیت پر اور استغفار

لِكُلِّ خَيْرٍ اَرَدْتُّ بِهٖ وَجْهَكَ فَخَالَطَنِيْ فِيْهِ مَا لَيْسَ لَكَ اَللّٰهُمَّ لَا

کرتا ہوں ہر خیر کے لیے جس میں تیری رضا کا ارادہ کیا پس اس میں شامل ہو گیا جو نہیں تھا تیری رضا کے لیے ۔ اے اللہ

تُخْزِنِيْ فَاِنَّكَ بِيْ عَالِمٌ وَّلَا تُعَذِّبْنِيْ فَاِنَّكَ عَلَيَّ قَادِرٌ اَللّٰهُمَّ اَسْتَجِيْرُكَ

مجھے رسوا نہ فرمانا کیونکہ میرے متعلق علم رکھتا ہے ۔ اور مجھے عذاب نہ دینا کیونکہ تو مجھ پر قادر ہے ۔ اے اللہ میں تیری پناہ طلب

مِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْتَ وَاَحْتَرِسُ بِكَ مِنْهُنَّ وَاجْعَلْ لِّيْ وَلِيْجَةً وَّ

کرتا ہوں تیری ہر پیدا شدہ شئے سے اور حفاظت حاصل کرتا ہوں تیری ان کے شر سے اور بنا میرے لیے حقیقی دوستی ۔

زُلْفٰى وَحُسْنَ مَاٰبٍ وَاجْعَلْنِيْ مِمَّنْ يَّخَافُ مَقَامَكَ وَوَعِيْدَكَ وَ

قرب منزلت اور اچھا انجام اور بنا مجھے ان لوگوں سے جو ڈرتے ہیں تیرے حضور قیام سے اور تیری وعید سے اور

يَرْجُوْ لِقَآئَكَ وَاجْعَلْنِيْ مِمَّنْ يَّتُوْبُ اِلَيْكَ تَوْبَةً نَّصُوْحًا وَّصَلَّى

امید رکھتے ہیں تیری ملاقات کی اور بنا مجھے ان لوگوں سے جو تیری بارگاہ میں خالص توبہ کرتے ہیں اور رحمت کاملہ

اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ اِلٰهِيْ بِجَاهِ نَبِيِّكَ سَيِّدِنَا

نازل فرمادے اللہ تعالیٰ سیدنا محمد پر اور آپ کی آل واصحاب پر اور سلام نازل فرمائے ۔ اے میرے الٰہ اپنے نبی اکرم سیدنا

مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَكَ وَمَكَانَتِهٖ لَدَيْكَ وَمَحَبَّتِكَ لَهٗ

محمد کی عزت و مرتبت کے طفیل اور تیری ان سے جو محبت ہے اور انہیں

وَمَحَبَّتِهٖ لَكَ وَبِالسِّرِّ الَّذِيْ بَيْنَكَ وَبَيْنَهٗۤ اَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ وَتُسَلِّمَ

جو تجھ سے محبت ہے اس کے تصدق میں اور جو اسرار تیرے اور ان کے درمیان ہیں ان کے طفیل میں سوال کرتا ہوں کہ صلوٰۃ وسلام نازل کرے

عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَضَاعِفِ اللّٰهُمَّ مَحَبَّتَهٗ فِيَّ وَعَرِّفْنِيْ حَقَّهٗ

ان پر اور ان کی آل اور اصحاب پر اور کئی گنا بڑھائے ان کی محبت اور مجھے ان کے حق اور مراتب کی معرفت عطا کر

وَرُتَبَهٗ وَوَفِّقْنِيْ لِاتِّبَاعِهٖ وَالْقِيَامِ بِاَدَبِهٖ وَسُنَّتِهٖ وَاجْمَعْنِيْ عَلَيْهِ

اور ان کی اتباع اور آدب و احترام اور سنت کو قائم کرنے کی توفیق بخش ۔ مجھے ان کے ساتھ رکھنا ان کے

وَمَتِّعْنِيْ بِرُؤْيَتِهٖ وَاَسْعِدْنِيْ بِمُكَالَمَتِهٖ وَارْفَعْ عَنِّي الْعَوَائِقَ وَالْعَلَائِقَ

دیدار سے نفع اندوز کرنا اور ان کی ہمکلامی سے بہرہ ور کرنا اور دور فرمانا مجھ سے رکاوٹوں اور اسباب

وَالْوَسَائِطَ وَالْحِجَابَ وَشَنِّفْ سَمْعِيْ مَعَهٗ بِلَذِيْذِ الْخِطَابِ وَهَيِّئْنِيْ

و وسائط اور حجابات کو اور مزین فرمانا میرے کانوں کو ان کے لذیذ خطاب کے سننے سے اور مجھے آمادہ فرما

لِلتَّلَقِّيْ مِنْهُ وَاَهِّلْنِيْ لِخِدْمَتِهٖ وَاجْعَلْ صَلَوَاتِيْ عَلَيْهِ نُوْرًا نَّيِّرًا كَامِلًا

ان سے اکتساب فیض کے لیے اور ان کی خدمت کا اہل بنا اور میرے درودوں کو بنادے (میرے حق میں) نورانی نیر کامل

مُكَمَّلًا طَاهِرًا مُّطَهِّرًا مَّاحِيًا لِّكُلِّ ظُلْمٍ وَّظُلْمَةٍ وَّشَكٍّ وَّشِرْكٍ وَّكُفْرٍ وَّزُوْرٍ

و مکمل ۔ طاہر و مطہر محو کرنے والے ہر ظلم اور ظلمت اور شک و شرک اور کفر و کذب بیانی کے لیے

وَّاجْعَلْهَا سَبَبًا لِّلتَّمْحِيْصِ وَمَرْقًى لِّاَنَالَ بِهَا اَعْلٰى مَقَامِ الْاِخْلَاصِ

اور بنا انہیں سبب میری تطہیر کا اور ذریعہ ارتقاء کا تاکہ حاصل کرسکوں ان کی بدولت اعلیٰ مقام اخلاص و

وَالتَّخْصِيْصِ حَتّٰى لَا يَبْقٰى فِيَّ رَهْبَانِيَّةٌ لِّغَيْرِكَ وَحَتّٰى اَصْلُحَ

تخصیص کا حتی کہ نہ رہے مجھ میں ذرہ بھر خوف ماسوا کا اور میں تیری بارگاہ کے

لِحَضْرَتِكَ وَاَكُوْنَ مِنْ اَهْلِ خُصُوْصِيَّتِكَ مُسْتَمْسِكًا بِاَدَبِهٖ وَ

لائق ہو جاؤں اور تیرے اہل خصوصیت سے تمسک کرتے ہوئے آپ کے آدب اور

سُنَّتِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُسْتَمِدًّا مِّنْ حَضْرَتِهِ الْعَالِيَةِ فِيْ

سنت کے ساتھ صلی اللہ علیہ وسلم استمداد کرتے ہوئے ان کی بارگاہ عالیہ سے

كُلِّ وَقْتٍ وَّحِيْنٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى ثَلْجِ مُحَمَّدٍ وَّصَلِّ عَلٰى ثُلُوْجِ مُحَمَّدٍ

ہر وقت اور ہر لحظہ ۔ اے اللہ صلوٰۃ و رحمت نازل فرما سیدنا محمد کی ٹھنڈک پر اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد کی تسکین و طمانیت

وَّصَلِّ عَلٰی حَصْحَصَةِ مُحَمَّدٍ وَّصَلِّ عَلٰی حَصَانَةِ مُحَمَّدٍ وَّصَلِّ عَلٰی

پر۔ صلوٰۃ بھیج سیّدنا محمدؐ کے ظہورِ حق پر اور صلوٰۃ بھیج سیّدنا محمدؐ کی مضبوطی وثابت قدمی پر۔ صلوٰۃ بھیج سیّدنا

حِصَّةِ مُحَمَّدٍ وَّصَلِّ عَلٰی حَافِرَةِ مُحَمَّدٍ وَّصَلِّ عَلٰی حَافَّةِ مُحَمَّدٍ وَّصَلِّ

محمدؐ کے حصّہ پر۔ صلوٰۃ بھیج سیّدنا محمدؐ کی ابتدائی حالت پر اور صلوٰۃ بھیج سیّدنا محمدؐ کے ہر پہلو اور جانب پر۔ صلوٰۃ بھیج

عَلٰی حِمَايَةِ مُحَمَّدٍ وَّصَلِّ عَلٰی حِرَاسَةِ مُحَمَّدٍ وَّصَلِّ عَلٰی حُلَّةِ

سیّدنا محمدؐ کی حمایت پر۔ صلوٰۃ بھیج سیّدنا محمدؐ کی حراست پر اور صلوٰۃ بھیج سیّد محمدؐ کے حلہ

